SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

Press Release
For immediate Release
January 13, 2017

ایس ای سی پی نے میوچل فنڈز کے لئے لکویڈٹی رسک مینجمنٹ مطلوبات جاری کردیے

اسلام آباد: 13 جنوری : سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے میوچل فنڈ ایسوسی ایشن آف پاکستان سے مشاورت کے بعد اوپن اینڈ ایکویٹی فنڈز میں لکویڈٹی رسک مینجمنٹ بہتر کرنے کے لئے متعدد اقدامات تجویز کئے ہیں۔ نئے مطلوبات کے مطابق تمام ایکویٹی فنڈز اور فنڈز آف فنڈز کے لئے لازم ہو گا کہ وہ کم از کم پانچ فیصد اثاثے کیش یا کیش کے مساوی رکھیں تاکہ لکویڈٹی کی فوری ضروریات کو پورا کیا جاسکے۔

تمام ایسٹ مینجمنٹ کمپنیاں ان مطلوبات پر ۱۵ فروری ۲۰۱۷ تک عمل درآمد یقینی بنائیں گی۔ مزید برآں تمام اے ایم سی فنڈز کے ضمن میں بینکوں/ڈی ایف آئی کے ساتھ پیشگی انتظامات یقینی بنانے کی پابند ہوں گی تاکہ غیر متوقع ادائیگیوں کے لئے قرض کا بندوبست کیا جاسکے۔ تاہم قرض کی رقم فنڈز کے مجموعی اثاثوں کے پندرہ فیصد سے متجاوز نہیں ہونا چاہیے۔ تمام اے ایم سی ان مطلوبات پر یکم مارچ ۲۰۱۷ تک عمل درآمد یقینی بنائیں گی۔ ان مطلوبات میں یہ بھی شامل ہے کہ جہاں ریڈمشن رکویسٹ کسی ایک ڈیلینگ روز کے یونٹ کی کل تعداد کے دس فیصد سے تجاوز کر جائے تو اس روز اے ایم سیز اور اس کے سپانسرز کو رڈیمشن میں آخری ترجیح دی جائے گی۔ ایس ای سی پی نے موفاپ کو اوپن اینڈ فنڈز کے زمرے میں بہترین بین الاقوامی طور طریقوں کے حوالے سے ایسی سکیورٹیز کی کوڈیفکیشن کے پیرائے میں اِللکویڈ سکیورٹیز کا جائزہ لینے کا مشورہ بھی دیا ہے۔ اس حوالے سے موفاپ کو یہ بھی مشورہ دیا گیا کہ وہ اوپن اینڈ فنڈ میں اِللکویڈ سکیورٹیز کا معیار اور اِللکویڈ سکیورٹیز کے حصول کی زیادہ سے زیادہ حد کا تعین کریں۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Shakil Ahmad Chaudhary
0302-8552254

ان ہدایات کے اجرا کا مقصد صنعت کی ضرورتوں کو پورا کرنا، بہترین بین الاقوامی طور طریقوں کا نفاذ اور سرمایہ کاروں کے مفاد کا تحفظ ہے اور سرمایہ کاروں کا اعتماد بڑھانا ہے تاکہ اثاثوں کو نقصان سے بچایا جا سکے۔ یہ ہدایات میوچل فنڈز اسکیم کی مضبوطی کا احساس پیدا کرے گی۔